نیوز ریلیز

صحت یابی کا مہینہ: وزیر ولئیمز (Minister Williams)

01 ستمبر، 2024ء میڈیا انکوائریز

ذہنی صحت اور منشّیات کے وزیر ڈین ولئیمز (Dan Williams) نے صحت یابی کے ماہ کیلئے مندرجہ ذیل بیان جاری کیا:

"گزشتہ چھ سالوں سے، البرٹا کی حکومت صحت یابی کا مہینہ مَنا رہی ہے۔ اس ستمبر میں، ہم اپنے پیغام میں اضافہ کر رہے ہیں کہ خواہ آپ کو کسی بھی ذہنی صحت یا منشیات کی لَت کی مشکلات کا سامنا درپیش ہو، صحت یابی ممکن ہے۔

"ہمارے آخری بار صحت یابی کا مہینہ مَنانے سے لے کر اب تک، البرٹا ریکوری ماڈل تیار کرنے کیلئے اہم کام کیا گیا ہے۔ منشیات کی لَت کے علاج کی 10,000 سے زائد نئی جگھوں کیلئے پہلے ہی سے فنڈز فراہم کرنے اور مسکن اشیاء کے انحصاری ورچوئل پروگرام (Virtual Opioid Dependency Program) کو توسیع دینے کے بعد، البرٹا کی حکومت نے اب صحت یابی کی تین کمیونٹیز کھول دی ہیں، جن میں آٹھ کا مزید اضافہ ہونے جا رہا ہے۔

"صرف چند ہی مہینے پہلے، ہم نے بچوں اور نوجوانوں کیلئے ذہنی صحت کی سروسز میں اب تک کی سب سے بڑی توسیع کا اعلان کیا تھا۔ صحت یابی ہر ایک کیلئے مختلف نظر آئے گی، لیکن بنیادی مقصد وہی رہتا ہے: لوگوں کو اپنی زندگیوں کو دوبارہ بنانے اور ہر دن ان کیلئے تکمیل اور مقصد تلاش کرنے کا موقع فراہم کرنا۔

"ہمیں اس کام پر جو ہم کر رہے ہیں اور شراکتیں جو ہم تشکیل دے رہے ہیں ان پر بہت فخر ہے۔ دنیا البرٹا کو دیکھ رہی ہے کیونکہ ہم علاج اور صحت یابی کی سروسز کو بڑھا رہے ہیں جس طرح کسی اور عمل دائری علاقے میں نہیں ہے۔ جبکہ دوسرے صوبوں میں تعداد نمایاں طور پر زیادہ ہے، البرٹا مئی 2024ء میں چار سال سے زیادہ عرصے میں نشے سے تعلق رکھنے والی اموات کیلئے حال ہی میں اپنی سب سے کم تعداد والے مہینے تک پہنچا ہے۔ یہ مثبت رحجان ظاہر کر رہا ہے کہ صحیح علاج اور مدد کے ساتھ، صحت یابی ممکن ہے۔

"اگر آپ یا کوئی ایسا فرد جسے آپ پیار کرتے ہیں منشیات استعمال کرنے کی لَت کا شکار ہے یا ذہنی صحت کی مشکلات کا سامنا کر رہا ہے، تو مدد تک پہنچنے کا انتظار نہ کریں۔ البرٹا 211 پر کال کرنے، ورچوئل اوپیئڈ ڈی پینڈینسی پروگرام (Virtual Opioid Dependency Program) یا کونسلنگ البرٹا (Counselling Alberta) سے مدد دستیاب ہے۔ ان میں سے ہر ایک آپ کا صحیح علاج سے رابطہ کروا سکتا ہے تا کہ صحت یابی حاصل کرنے میں آپ کی مدد کی جا سکے۔"

متعلقہ معلومات

- صحت یابی البرٹا (Recovery Alberta)

Classification: Public

- البرٹا میں صحت کی نگہداشت پر دوبارہ توجہ دینا
- البرٹا ریکوری ماڈل

متعلقہ خبریں

- ریکوری البرٹا 1 ستمبر سے عمل کاریاں شروع کرے گا (30 اگست، 2024ء)
- ذہنی صحت پر دوبارہ توجہ دینے، منشیات کی لت کے علاج میں اگلے اقدامات (11 جون، 2024ء)
- دوبارہ توجہ مرکوز کرنے والے صحت کے نظام کیلئے بنیاد رکھنا (14 مئی، 2024ء)
- صحت کی نگہداشت پر دوبارہ توجہ دینا: ذہنی صحت اور منشیات کی لَت (2 اپریل، 2024ء)

میڈیا انکوائریز

ہنٹر بیریل (Hunter Baril)

780-619-5774
پریس سیکریٹری، ذہنی صحت اور منشیات کی لَت